موضوع - 7

# مقامی طور پر دستیاب ادویاتی پودے Locally available medicinal plants

## مقاصد Objectives

پودوں کے طبی خصوصیات کا استحسان پیدا کرنا

## پس منظر Background

نباتات' درختوں جھاڑیوں (Shrubs) اور بوٹیوں (Herbs) پر مشتمل ہوتے ہیں۔ان میں بہت سے پودے ادویاتی خصوصیات رکھتے ہیں۔اور مختلف امراض کے علاج میں استعمال ہوتے ہیں۔ایسے چند پودے ہمارے مقام یا اڑوس پڑوس کے علاقوں میں دستیاب ہوتے ہیں۔

## طریقہ کار Methodology

1۔ اپنے استاد' خاندانی یا پڑوس کے بزرگوں سے پوچھ کر ایسے پودوں کی شناخت کیجیے جو رواجی اور مقامی طور پر ادویات میں استعمال ہوتے ہیں۔

2۔ ادویاتی پودوں کی مخصوص خصوصیات کو نوٹ کیجیے جن سے ان کی شناخت میں مدد مل سکے۔

3۔ اہل علم افراد سے مل کر درج ذیل معلومات جمع کیجیے۔آپ مقامی میڈیکل پراکٹیشنرس (ایورویدک یا یونانی) کی مدد لے سکتے ہیں۔

a) کسی مخصوص پودے کا کون سا حصہ بیماری کے علاج کے لیے کام آتا ہے۔

b) کسی خاص بیماری میں اس کا کس طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے۔

c) آپ کو اپنے مقام پر کتنے ادویاتی پودے دستیاب ہیں۔

d) کیا یہ ادویاتی پودے کھیتوں میں اگائے جاتے ہیں یا یہ جنگلوں میں اُگتے ہیں۔





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

| بیماری/علاج | پودے کا حصہ | ادویاتی پودے کا نام | سلسلہ نشان |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |

e) کیا ان پودوں یا ان کے حصوں کے استعمال کے مواقع میں کیا ان کی بقاء اور نمو پر کیا کوئی اثر پڑتا ہے؟

f) ان ادویاتی پودوں کے تحفظ اور پھیلاؤ کے لیے کیا کوئی اقدامات کیے گئے

4۔ آپ نے جن پودوں کا مطالعہ کیا کی شکلیں بنایئے یا تصویریں کھینچیے۔

## استدالی خلاصہ Conclusion

آپ کے مشاہدات کو ایک رپورٹ کی شکل میں مکمل کیجیے۔ اس میں ادویاتی مقاصد کے لیے استعمال کیے جانے والے پودوں کے حصوں کی تصاویر اور فوٹوگراف شامل کیجیے۔ ہر پودے کا مقامی اور ممکن ہو تو سائنسی نام لکھیے

| سائنسی نام | ادویاتی پودے کا مقامی نام | سلسلہ نشان |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

## مزید کاروائی Follow-up

1۔ اپنی کلاس میں فوٹوز اور ڈرائنگس کے ساتھ اپنی رپورٹ کی نمائش کیجیے۔

2۔ ایک شعور بیداری مہم چلایئے جس میں مقامی ادویاتی پودوں کے تحفظ ان کے موزوں استعمال اور ان کو اگانے پر زور دیا جائے۔

3۔ آپ اپنے مکان، مدرسہ یا اڑوس پڑوس میں کم از کم ایک ادویاتی پودا اگائیے۔

4۔ خصوصی مواقع مثلاً یوم پیدائش، شادیوں وغیرہ میں اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو ایلوویرا، پودینہ، تلسی وغیرہ کا پودا تحفے میں دیجیے۔

5۔ ادویاتی پودوں کا ہربیریم بنایئے۔